No. of Printed Pages : 7

# BUDAE-181

## B. A. Hons. (Urdu)

## (BAUDH)

### Term-End Examination

### December, 2024

### BUDAE-181 : Study of Classical Urdu Ghazal

*Time : Three Hours ]* *[ Maximum Marks : 100*

نوٹ:۔تمام سوالوں کے جواب لکھنا لازمی ہیں۔

سبھی سوال کے نمبر سامنے درج ہیں۔

(حصہ الف)

۱۔ غزل کی تعریف اور خارجی ہیئت پر اظہار خیال کیجیے۔ ۲۰





یا

اردو غزل کا تہذیبی اور سماجی پس منظر بیان کیجیے۔

۲۔ خواجہ میر دردؔ کے حالات زندگی اور غزل گوئی کی خصوصیات قلم بند کیجیے۔ ۲۰

یا

سراج اورنگ آبادیؔ کے سوانحی کوائف اور غزل گوئی کے جملہ پہلوؤں پر اظہار خیال کیجیے۔

(حصہ ب)

۳۔ مندرجہ ذیل اشعار کی تشریح کیجیے۔ ۱۵

پیا باج پیالا پیا جائے نا

پیا باج یک تل جیا جائے نا

کہی تھے پیا بن صبوری کروں

کھیا جائے اما کیا جائے نا

نہیں عشق جس وہ بڑا کوڑ ہے

کدھیں اس سے مل بیسیا جائے نا

قطب شہ نہ دے مج دوانے کو پند

دوا نے کوں کچ پند دیا جائے نا

یا

ہستی اپنی حباب کی سی ہے

یہ نمائش سراب کی سی ہے





بار بار اس کے درپہ جاتا ہوں

حالت اب اضطراب کی سی ہے

ناز کی اس کے لب کی کیا کہئے

پنکھڑی اک گلاب کی سی ہے

میں جو بولا کہا کہ یہ آواز

اسی خانہ خراب کی سی ہے

۴۔ مندرجہ ذیل اشعار کی تشریح کیجئے۔ ۱۵

آہ کو چاہئے اک عمر اثر ہونے تک

کون جیتا ہے، تری زُلف کے سر ہونے تک

عاشقی صبر طب اور تمنا بے تاب

دل کا کیا رنگ کروں خون جگر ہونے تک

ہم نے مانا کہ تغافل نہ کروگے، لیکن
خاک ہو جائیں گے ہم تم کو خبر ہونے تک
خیر تو خور سے ہے شبنم کو فنا کی تعلیم
میں بھی ہوں ایک عنایت نظر ہونے تک

یا

تہمت چند اپنے ذمے دھر چلے
جس لیے ہم آئے تھے، سوکر چلے
زندگی ہے، یا کوئی طوفان ہے؟
ہم تو اس جینے کے ہاتھوں مرچلے
کیا ہمیں کام ان گلوں سے اے صبا!
ایک دم آئے ادھر، ادھر چلے





دردؔ ! کچھ معلوم ہے؟ یہ لوگ سب
کس طرف سے آئے تھے، کیدھر چلے

(حصہ ج)

۵۔ محمد قلی قطب شاہ کی غزل گوئی پر روشنی ڈالیے۔ ۱۰

یا

میر تقی میرؔ کی حالت زندگی اورغزل گوئی کا مختصر جائزہ لیجئے۔

۶۔ مصحفی کی غزل گوئی پر مختصر مضمون لکھئے۔ ۱۰

یا

خواجہ میر دردؔ کی حالات زندگی بیان کیجیے۔

۷۔ غالبؔ کی غزل گوئی کی فنی خصوصیات بیان کیجیے۔ ۱۰

یا

امام بخش ناسخؔ کے حالات زندگی قلم بند کیجیے۔

×××××××